روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 29 مارچ 2008ء 20 ربیع الاول 1429 ہجری 29 امان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 72

بردبار اور صاحب حکمت

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

لغزشوں اور ٹھوکروں سے واقف شخص ہی بردبار ہوتا ہے اور صرف صاحب تجربہ ہی صاحب حکمت وعقل ہوتا ہے۔

(جامع ترمذی کتاب البر والصلة باب فی التجارب حدیث نمبر:1956)

ربوہ میں دو نئے تعلیمی ادارے اور ضرورت اساتذہ

زیر اہتمام نظارت تعلیم صدرانجمن احمدیہ ۔ ربوہ

مریم صدیقہ پرائمری سکول دارالرحمت غربی

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کے ساتھ نظارت تعلیم صدرانجمن احمدیہ محلّہ دارالرحمت غربی ربوہ میں مریم صدیقہ پرائمری سکول کے نام سے ایک انگلش میڈیم سکول کا آغاز کررہی ہے۔ نئے تعلیمی سیشن (اگست 2008ء) سے اس سکول میں کلاس پریپ سے کلاس 5th تک (لڑکوں اورلڑکیوں کے لئے) باقاعدہ تدریس کا آغاز ہوجائے گا۔ بعدمیں اس سکول کو ہائی سکول تک بڑھایا جائے گا۔

اس انگلش میڈیم سکول کے لئے نظارت تعلیم کو مندرجہ ذیل مضامین کے لئے ایسی احمدی خواتین اساتذہ کی ضرورت ہے جو انگریزی زبان میں بول چال کی مہارت رکھتی ہوں اور وقف کے جذبے کے ساتھ خدمت کا شوق رکھتی ہوں۔ مذکورہ اہلیت کی حامل احمدی خواتین سے درخواست ہے کہ وہ اپنی درخواستیں بنام ناظر تعلیم صدرانجمن احمدیہ ربوہ مصدقہ از صدر محلّہ/امیر جماعت مع اپنی اسناد کی نقول مورخہ 30/اپریل 2008ء تک نظارت تعلیم میں جمع کروادیں۔

واقفین نو میں سے اگر کوئی اس معیار پر پورا اترتے ہوں تو ان کی درخواست کو ترجیحاً زیرغور لایا جائے گا۔

مضمون	تعلیمی قابلیت	ترجیحی اہلیت
میتھ	ایم ایس سی میتھ/ بی ایس سی میتھ + بی ایڈ	تجربہ
سائنس	ایم ایس سی/ بی ایس سی + بی ایڈ	انگریزی بول چال میں مہارت
سوشل سٹڈیز	ایم اے۔ ایم ایس سی/ بی اے + بی ایڈ	//
انگریزی	ایم اے انگلش/ بی اے انگلش لٹریچر + بی ایڈ	//
آرٹ	ایم اے/ بی اے + فائن آرٹ میں کم ازکم ڈپلومہ	فنون آرٹ میں مہارت
گیمز ٹیچر	ایم اے/ بی اے + فزیکل ایجوکیشن میں کم ازکم ڈپلومہ	تجربہ
اردو	ایم اے اردو + بی ایڈ	--
دینیات	ایم اے عربی/ اسلامیات + بی ایڈ	--
لائبریرین	بی اے + لائبریری سائنس میں ڈپلومہ	سکول لائبریری کا تجربہ

ناصر ہائی سکول دارالیمن وسطی

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کے ساتھ نظارت تعلیم صدرانجمن احمدیہ محلّہ دارالیمن وسطی ربوہ میں ناصر ہائی سکول کے نام سے لڑکوں کے لئے ایک اردو میڈیم سکول کا آغاز کررہی ہے۔ نئے تعلیمی سیشن (اگست 2008ء) سے اس سکول میں چھٹی کلاس سے نہم کلاس تک (لڑکوں کے لئے) باقاعدہ تدریس کا آغاز ہوجائے گا۔ بعد میں اس سکول میں جونیئر سکول کا اضافہ بھی کیا جائے گا۔

لڑکوں کے اس سکول کے لئے نظارت تعلیم کو مندرجہ ذیل مضامین کے لئے ایسے احمدی مرد اساتذہ کی ضرورت ہے جو وقف کے جذبے کے ساتھ خدمت کا شوق رکھتے ہوں۔ مذکورہ اہلیت کے حامل احمدی اساتذہ سے درخواست ہے کہ وہ اپنی درخواستیں بنام ناظر تعلیم صدرانجمن احمدیہ ربوہ مصدقہ از صدر محلّہ/امیر جماعت مع اپنی اسناد کی نقول مورخہ 30/اپریل 2008ء تک نظارت تعلیم میں جمع کروادیں۔

واقفین نو میں سے اگر کوئی اس معیار پر پورا اترتے ہوں تو ان کی درخواست کو ترجیحاً زیرغور لایا جائے گا۔

مضمون	تعلیمی قابلیت	ترجیحی اہلیت
انگریزی	ایم اے انگلش/ بی اے انگلش لٹریچر + بی ایڈ	تجربہ
میتھ	ایم ایس سی میتھ/ بی ایس سی میتھ + بی ایڈ	//
اردو	ایم اے اردو + ایم ایڈ/ بی ایڈ	//
فزکس	ایم ایس سی/ بی ایس سی + بی ایڈ/ بی ایس ایڈ	//
کیمسٹری	ایم ایس سی/ بی ایس سی + بی ایڈ/ بی ایس ایڈ	//
بیالوجی	ایم ایس سی/ بی ایس سی + بی ایڈ/ بی ایس ایڈ	//
جنرل سائنس	ایم ایس سی/ بی ایس سی + بی ایڈ	//
دینیات	ایم اے اسلامیات/عربی + بی ایڈ	//
عربی	ایم اے عربی + بی ایڈ	//
مطالعہ پاکستان	ایم اے پاکستان سٹڈیز + بی ایڈ	//
زراعت	ایم اے/ بی اے + بی ایڈ	//
گیمز ٹیچر	ایم اے/ بی اے + فزیکل ایجوکیشن میں کم ازکم ڈپلومہ	کم ازکم ہائی سکول لیول تک گیمز کا تجربہ
آرٹ ٹیچر	ایم اے/ بی اے + فائن آرٹ میں کم ازکم ڈپلومہ	فنون آرٹ میں مہارت
لائبریرین	بی اے + لائبریری سائنس میں ڈپلومہ	لائبریری سنبھالنے کی اہلیت

جنت میں ایک ساتھ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ فرماتے ہیں:۔

یتیموں سے بھی حسن سلوک کرو۔ ان کا بھی خیال رکھو۔ ان کو معاشرے میں محرومیت کا احساس نہ ہونے دو اور اس حدیث کو یاد رکھو کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں اور یتیم کی پرورش کرنے والے جنت میں اس طرح ساتھ ہونگے جس طرح دو انگلیاں ہیں۔

(الفضل 19 نومبر 2004ء)

(مرسلہ: سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ)

محترم حکیم محمد اسلم فاروقی صاحب وفات پاگئے

احباب جماعت کو بڑے افسوس سے یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ جماعت کے دیرینہ خادم محترم حکیم محمد اسلم فاروقی صاحب دارالفتوح غربی ربوہ مورخہ 22 مارچ 2008ء کو اسلام آباد میں بوجہ ہارٹ اٹیک انتقال کر گئے۔ مورخہ 24 مارچ کو بیت مبارک ربوہ میں بعد نماز عصر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے نماز جنازہ پڑھائی بعدازاں بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی قبر تیار ہونے پر محترم صاحبزادہ صاحب موصوف نے ہی دعا کروائی۔ کثرت سے احباب جماعت جنازہ میں شامل ہوئے۔ محترم حکیم محمد اسلم فاروقی صاحب کو طویل عرصہ تک بطور واقف زندگی خدمت کی توفیق ملی۔ آپ پہلے طبیہ کالج ربوہ میں پڑھاتے رہے اور بعد میں جامعہ احمدیہ میں بطور پروفیسر خدمت کی توفیق ملی۔ آپ دارالعلاج کے نام سے مبشر مارکیٹ دارالرحمت غربی میں مطب بھی فرمایا کرتے تھے جہاں سے غریب اور نادار مریض کثرت سے فائدہ اٹھاتے تھے۔ آپ کی اہلیہ مکرمہ عامرہ فاروقی صاحبہ 2004ء میں وفات پاگئی تھیں آپ نے تین بیٹیاں مکرمہ نعیمہ فاروقی صاحبہ اہلیہ مکرم تنویر احمد صاحب اسلام آباد' مکرمہ طیبہ صاحبہ اہلیہ مکرم صلاح الدین صاحب جرمنی اور مکرمہ منزہ قانتہ صاحبہ یادگار چھوڑی ہیں۔ جرمنی میں مقیم بیٹی جنازہ میں شرکت کیلئے پاکستان پہنچ گئی تھیں۔

(باقی صفحہ 2 پر)

مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کے تحت

تیسری سالانہ تربیتی کلاس اور وقارعمل

تربیتی کلاس

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کو اپنی تیسری سالانہ نیشنل تربیتی کلاس 23 تا 26 دسمبر 2007ء بمقام ناصر باغ، گروس گیراؤ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ اس چار روزہ کلاس میں جرمنی بھر سے 317 خدام شامل ہوئے۔ جبکہ گزشتہ سال اس کلاس میں 240 خدام شامل ہوئے تھے۔ کلاس کی تیاری کا کام کئی ماہ پہلے ہی شروع کر دیا گیا۔ سب سے پہلے مہتمم صاحب تربیت کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی۔ کمیٹی کی تین میٹنگز ہوئیں اور تیاری کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا، جن میں نصاب کی تیاری، اساتذہ کا تقرر، مجالس سے بہتر نمائندگی کے لئے کوششیں وغیرہ شامل ہیں۔ اس کلاس کے لئے جو نصاب تیار کیا گیا اس میں ترتیل القرآن، ترجمۃ القرآن، حفظِ قرآن، حدیث، فقہ احمدیہ، خلافت جوبلی دعائیں، منصب خلافت، تاریخ اور دعوت الی اللہ کے سنہری اصول کے مضامین شامل تھے۔ یہ نصاب اردو اور جرمن ہر دو زبان میں تیار کر کے تمام شاملین کو دیا گیا۔

روزانہ کلاس کا آغاز نماز تہجد سے کیا جاتا رہا۔ نماز فجر کے بعد درس القرآن کا اہتمام ہوتا۔ تدریس میں روزانہ نصاب کی پڑھائی کے علاوہ تلقین عمل کے تحت تعلق باللہ، اللہ تعالیٰ سے محبت، آنحضرت ﷺ سے محبت کے موضوعات پر مربیان سلسلہ نے لیکچر دیئے۔ اس کے علاوہ بھی بعض لیکچر رکھے گئے تھے جن میں نماز، پاکدامنی، دین اور عقل، تاریخ احمدیت 1914ء کے واقعات، ترجمانی کی ٹیکنیک، نیشنل امیر صاحب کے ساتھ ڈسکشن، جماعت کی مرکزی ویب سائٹ کا تعارف اور مجلس سوال و جواب شامل ہیں۔ خلافت جوبلی کے آمدہ سال کے پیش نظر ہر نماز کے بعد تمام شرکاء مل کر خلافت جوبلی کی دعائیں دہراتے رہے۔ کلاس کے دوران Climate Change کے متعلق ایک ڈاکومنٹری بھی دکھائی گئی۔ اسی طرح Self Defence کے بارہ میں ایک دلچسپ پروگرام کروایا گیا۔ کلاس کے آخری روز طلباء کا تحریری امتحان لیا گیا۔ تحریری امتحان کے بعد اختتامی تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی مکرم عبداللہ واگس ہاوزر صاحب امیر جماعت احمدیہ جرمنی تھے۔ امیر صاحب نے کلاس میں پوزیشن حاصل کرنے والے خدام میں انعامات تقسیم کئے۔ اپنے اختتامی خطاب میں امیر صاحب نے کلاس کے شرکاء کو اپنی قبول احمدیت کی ایمان افروز داستان سنائی۔ دعا کے ساتھ اس کلاس کا اختتام ہوا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس تربیتی کلاس میں شامل تمام احباب کو اپنے فضلوں سے نوازے، انتظامی کمیٹی پر بھی اپنا خاص فضل فرمائے جنہوں نے دن رات محنت کر کے اس پروگرام کے کامیاب انعقاد کو ممکن بنایا۔ نیز مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کے جملہ ممبران کو اخلاص و وفا میں ترقی کرتے ہوئے خلافت احمدیہ کے ساتھ مضبوطی سے جڑا رہنے والا بنائے۔ آمین

(رپورٹ مکرم محمد لقمان مجوکہ صاحب مہتمم تربیت مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی)

وقارعمل

مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی گزشتہ 12 سالوں سے یکم جنوری کے دن جرمنی کے مختلف شہروں میں انتظامیہ کی اجازت سے وقارعمل کے ذریعہ نئے سال کے موقع پر سڑکوں پر آتش بازی سے پڑنے والے گند کو صاف کرنے کا کام کر رہی ہے۔ جس میں مقامی انتظامیہ کو یہ پیشکش کی جاتی ہے کہ ہم بھی اپنے شہر کی صفائی میں مدد کرنا چاہتے ہیں۔ اس طرح انتظامیہ شہر کا کچھ حصہ مجلس کے ذمہ لگا دیتی ہے یکم جنوری کے وقارعمل کی وجہ سے جرمن قوم کی ایک کثیر تعداد تک اخبارات اور ٹیلی ویژن کے ذریعہ جماعت کا تعارف پہنچتا ہے۔ خاص طور پر جرمنی میں سو بیوت الذکر کی تعمیر کے سلسلہ میں اس وقارعمل کی وجہ سے بہت فائدہ ہوا ہے۔ کئی شہروں میں جماعت کو اس وجہ سے بیت کی تعمیر کی بآسانی اجازت مل گئی کہ یہ وہ جماعت ہے جو یکم جنوری کو شہر کی صفائی کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمارے وقارعمل کی تشہیر مقامی اخبارات میں بھی ہوتی ہے اور اخبارات کی ایک کثیر تعداد وقارعمل کے متعلق مضامین مع تصاویر شائع کرتی ہے۔

یکم جنوری 2008ء کو خلافت جوبلی کے بابرکت سال کا آغاز صبح نماز تہجد سے کیا گیا۔ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد وقارعمل کیا گیا۔ ماہ نومبر میں جرمنی بھر کی 241 مجالس کو وقارعمل کے لیے شہری انتظامیہ سے اجازت کا خط اور میڈیا کے دعوت نامہ تیار کر کے دیا گیا۔ اس کے بعد مرکز کی طرف سے ایک معلوماتی پمفلٹ (جس میں جماعت احمدیہ اور مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کا تعارف تھا نیز وقارعمل کی اہمیت مع چند مشہور اخبارات کے تراشے شامل تھے) تیار کر کے تمام قائدین مجالس کو بھجوایا گیا تا کہ وہ اس پمفلٹ کو بروقت میڈیا اور شہری انتظامیہ کو دے دیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس پمفلٹ کا بہت فائدہ ہوا اور اخبارات نے جماعت کا تعارف بہت احسن پیرائے میں کروایا اور مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کے وقارعمل کو بہت سراہا۔

اعداد و شمار کی زبانی

یکم جنوری 2008ء کے وقارعمل کی اعداد و شمار کے لحاظ سے تفصیلی رپورٹ درج ذیل ہے:۔

وقارعمل میں شامل ہونے والی مجالس 220
شہری انتظامیہ سے اجازت ملنے والی مجالس 178
بیوت/نماز سنٹر میں وقارعمل کرنے والی 8
شہروں کی تعداد جن میں وقارعمل کیا گیا 122
وقارعمل میں حصہ لینے والے کل افراد 3450
خدام کی تعداد 2500
اطفال کی تعداد 510
انصار کی تعداد 490
وقارعمل کا کل وقت 6900 گھنٹے
اخبارات میں وقارعمل کی رپورٹ 87
ریڈیو میں وقارعمل کی رپورٹ 4
TV میں وقارعمل کی رپورٹ 2
MTA کی ٹیم نے 20 شہروں کا دورہ کیا اور وقارعمل کی فلمبندی کی گئی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس وقارعمل میں شامل تمام احباب کو اپنے فضلوں سے نوازے اور مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کے جملہ ممبران کو وقارعمل کی حقیقی روح کو نہ صرف سمجھنے بلکہ اس کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(رپورٹ مکرم ندیم احمد صاحب مہتمم وقارعمل مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم عبدالصبور خان صاحب نیشنل الیکٹرونکس ریلوے روڈ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے خاکسار کو مورخہ 14 مارچ 2008ء کو تیسرے بیٹے سے نوازا ہے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت عظیم احمد خان نام عطا فرمایا ہے نومولود مکرم صوبیدار شمس الدین صاحب دارالیمن کا نواسہ، مکرم عبدالرشید خان صاحب صدر محلّہ دارالعلوم وسطی ربوہ کا پوتا اور مکرم عبدالکریم خان صاحب آف خوشاب کی نسل سے ہے احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو خدمت دین کی راہوں پر چلنے کی توفیق دے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرم محمد محمود اقبال صاحب استاد جامعہ احمدیہ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے چھوٹے بھائی مکرم محمد مشہود اقبال صاحب کمرشل مینیجر شاہنواز لمیٹڈ لاہور مورخہ 15 مارچ 2008ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ اگلی صبح ساڑھے آٹھ بجے بیت التوحید کے باہر گراؤنڈ میں محترم سید ناصر احمد صاحب مربی سلسلہ نے نماز جنازہ پڑھائی نصرت مقبرہ ہانڈو گجر میں تدفین کے بعد صدر حلقہ وحدت کالونی محترم ملک نور الٰہی صاحب نے دعا کروائی۔ مرحوم عرصہ سے ذیابیطس کے مریض تھے اور اب گردے فیل ہونے کے باعث کچھ عرصہ سے Dialysis پہ تھے جس کے دوران ہی شاید کچھ پیچیدگیاں پیدا ہونے پہ ازاں بعد حرکت قلب بند ہوگئی مرحوم نے ایک لمبی فعال خدمت خلق کے جذبہ سے بھرپور زندگی گزاری۔ اپنے کام کی نوعیت کے باعث پرائیویٹ اور پبلک سیکٹر میں وسیع تعلقات تھے جن سے حتی المقدور ہر ضرورت مند کی مناسب مدد کرنے میں کسر نہ چھوڑتے تھے۔ انصاراللہ حلقہ بیت التوحید میں بطور منتظم عمومی خدمت کی توفیق پا رہے تھے۔ مرحوم نے اپنی یادگار بیوہ کے علاوہ دو بیٹے اور ایک بیٹی چھوڑی ہیں بڑا بیٹا اور بیٹی شادی شدہ ہیں جبکہ چھوٹا بیٹا ابھی زیر تعلیم ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ مرحوم کو اپنی مغفرت کی چادر میں لپیٹ لے۔ جنت الفردوس میں پرسکون مقام قرب عطا فرمائے۔ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ہر لمحہ ان کا حافظ و ناصر ہو۔ آمین

درخواست دعا

مکرم نذیر احمد خادم صاحب نائب امیر ضلع بہاولنگر تحریر کرتے ہیں۔

میری اہلیہ محترمہ ناصرہ صدیقہ صاحبہ بخار اور دیگر عوارض کی وجہ سے صاحب فراش ہیں۔ کمزوری بہت ہو گئی ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے عاجل و کامل شفا عطا فرمائے۔

(بقیہ صفحہ 1)

احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محترم حکیم محمد اسلم فاروقی صاحب کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور جملہ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور خود ان کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت مسیح موعود کی پُرمعارف تحریرات کی رو سے

قائد المرسلین ﷺ کے کمالات ارتقاء کی آخری بلندیوں تک

دائمی زندگی اور جلال و تقدس کا تخت نشین نبی

آں شہ عالم کہ نامش مصطفیٰ ‖ سید عشاق حق شمس الضحیٰ
آنکہ ہر نورے طفیل نورے اوست ‖ آنکہ منظور خدا منظور اوست

محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب مؤرخ احمدیت

رب محمدؐ کی زبان سے شاہ لولاک کا ذکر

حق یہ ہے کہ ہمارے سید، ہمارے مولیٰ، ہمارے امام اور ہمارے نبی محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ چونکہ آئینہ خدانما اور مظہر اتم الوہیت ہیں اس لئے ان کے کمالات ظاہری و باطنی کے حقیقی اور ارفع ترین مقامات کی نشان دہی صرف رب محمد ہی کی زبان سے ممکن ہے اور اللہ جلشانہ وعزاسمہ نے اپنے پاک کلام میں اپنے محبوب ترین نبی اور نبیوں کے سردار کو براہ راست مخاطب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔ اے نبی آپ خلق عظیم پر فائز ہیں۔ (القلم:5)

افضل الرسل والاصفیاء سید المعصومین و الاتقیاء حضرت محبوب احدیت محمد عربی ﷺ کے احقر الغلمان (بانی سلسلہ احمدیہ) نے خلق عظیم کی وجد آفرین تفسیر فرمائی ہے۔تحریر فرماتے ہیں:۔

’’تو اے نبی ...... اپنی ذات میں تمام مکارم اخلاق کا ایسا متمم ومکمل ہے کہ ان پر زیادت متصور نہیں کیونکہ لفظ عظیم محاورۂ عرب میں اس چیز کی صفت میں بولا جاتا ہے جس کو اپنا نوعی کمال پورا پورا حاصل ہو‘‘۔

(براہین احمدیہ۔روحانی خزائن جلد1 ص194)

محمدؐ عربی بادشاہ ہر دو سرا
کرے ہے روح قدس جس کے در کی دربانی
اسے خدا تو نہیں کہہ سکوں پہ کہتا ہوں
کہ اس کی مرتبہ دانی میں ہے خدا دانی

حضرت مسیح موعود نے اس ضمن میں شہرہ عالم مضمون جلسہ اعظم (1896ء) میں بھی واضح فرمایا:۔

’’خدا کی عنایت اور فضل نے ہمارے نبی ﷺ کو ان اخلاق کے ظاہر کرنے کا موقع دیا۔ چنانچہ سخاوت اور شجاعت اور حلم اور عفو اور عدل اپنے اپنے موقع پر ایسے کمال سے ظہور میں آئے کہ صفحہ دنیا میں اس کی نظیر ڈھونڈنا لاحاصل ہے۔ اپنے دونوں زمانوں میں ضعف اور قدرت اور ناداری اور ثروت میں تمام جہان کو دکھلا دیا کہ وہ ذات پاک کیسی اعلیٰ درجہ کے اخلاق کی جامع تھی اور کوئی انسانی خلق اخلاق فاضلہ میں سے ایسا نہیں ہے جو اس کے ظاہر ہونے کے لئے آپ کو خدائے تعالیٰ نے ایک موقع نہ دیا۔ شجاعت، سخاوت، استقلال، عفو، حلم وغیرہ وغیرہ تمام اخلاق فاضلہ ایسے طور پر ثابت ہوگئے کہ دنیا میں اس کی نظیر کا تلاش کرنا طلب محال ہے۔‘‘

(اسلامی اصول کی فلاسفی ص139)

لفظ خُلق کی تعریف

مزید بتایا کہ:

اس جگہ بہتر ہوگا کہ میں خُلق کے لفظ کی بھی کسی قدر تعریف کردوں۔ سو جاننا چاہئے کہ خَلق خا کی فتحہ سے ظاہری پیدائش کا نام ہے اور خُلق خا کے ضمہ سے باطنی پیدائش کا نام ہے اور چونکہ باطنی پیدائش اخلاق سے ہی کمال کو پہنچتی ہے نہ صرف طبعی جذبات سے اس لئے اخلاق پر ہی یہ لفظ بولا گیا اور پھر یہ بات بھی بیان کردینے کے لائق ہے کہ جیسا کہ عوام الناس خیال کرتے ہیں کہ خُلق صرف حلیمی اور نرمی اور انکساری کا نام ہے یہ ان کی غلطی ہے بلکہ جو کچھ بمقابلہ ظاہری اعضاء کے باطن میں انسانی کمالات کی کیفیتیں رکھی گئی ہیں ان سب کیفیتوں کا نام خلق ہے۔ مثلاً انسان آنکھ سے روتا ہے اور اس کے مقابل پر دل میں ایک قوت رقت ہے وہ جب بذریعہ عقل خداداد کے اپنے محل پر مستعمل ہو تو وہ ایک خُلق ہے۔ ایسا ہی انسان ہاتھوں سے دشمن کا مقابلہ کرتا ہے اور اس حرکت کے مقابل پر دل میں ایک قوت ہے جس کو شجاعت کہتے ہیں۔ پس جب انسان محل پر اور موقع کے لحاظ سے اس قوت کو استعمال میں لاتا ہے تو اس کا نام بھی خُلق ہے اور ایسا ہی انسان کبھی ہاتھوں کے ذریعہ سے مظلوموں کو ظالموں سے بچانا چاہتا ہے یا ناداروں اور بھوکوں کو کچھ دینا چاہتا ہے یا کسی اور طرح سے بنی نوع کی خدمت کرنا چاہتا ہے اور اس حرکت کے مقابل پر دل میں ایک قوت ہے جس کو رحم بولتے ہیں اور کبھی انسان اپنے ہاتھوں کے ذریعہ سے ظالم کو سزا دیتا ہے اور اس حرکت کے مقابل پر دل میں ایک قوت ہے جس کو انتقام کہتے ہیں اور کبھی انسان حملہ کے مقابل پر حملہ کرنا نہیں چاہتا اور ظالم کے ظلم سے درگزر کرتا ہے اور اس حرکت کے مقابل پر دل میں ایک قوت ہے جس کو عفو اور صبر کہتے ہیں اور کبھی انسان بنی نوع کو فائدہ پہنچانے کے لئے اپنے ہاتھوں سے کام لیتا ہے یا پیروں سے یا دل اور دماغ سے اور ان کی بہبودی کے لئے اپنا سرمایہ خرچ کرتا ہے تو اس حرکت کے مقابل پر دل میں ایک قوت ہے جس کو سخاوت کہتے ہیں۔ پس جب انسان ان تمام قوتوں کو موقع اور محل کے لحاظ سے استعمال کرتا ہے تو اس وقت اس کا نام خُلق رکھا جاتا ہے۔ اللہ جل شانہٗ ہمارے نبی ﷺ کو مخاطب کرکے فرماتا ہے (-) یعنی تو ایک بزرگ خُلق پر قائم ہے سو اس تشریح کے مطابق اس کے معنے ہیں یعنی یہ کہ تمام قسمیں اخلاق کی سخاوت، شجاعت، عدل، رحم، احسان، صدق، حوصلہ وغیرہ تجھ میں جمع ہیں۔ غرض جس قدر انسان کے دل میں قوتیں پائی جاتی ہیں جیسا کہ ادب، حیا، دیانت، مروت، غیرت، استقامت، عفت، ذہانت، اعتدال، مواسات یعنی ہمدردی۔ ایسا ہی شجاعت، سخاوت، عفو، صبر، احسان، صدق، وفا وغیرہ جب یہ تمام طبعی حالتیں عقل اور تدبر کے مشورہ سے اپنے اپنے محل اور موقع پر ظاہر کی جائیں گی تو سب کا نام اخلاق ہوگا اور یہ تمام اخلاق درحقیقت انسان کی طبعی حالتیں اور طبعی جذبات ہیں اور صرف اس وقت اخلاق کے نام سے موسوم ہوتے ہیں کہ جب محل اور موقع کے لحاظ سے بالارادہ ان کو استعمال کیا جائے۔ چونکہ انسان کے طبعی خواص میں سے ایک یہ بھی خاصہ ہے کہ وہ ترقی پذیر جاندار ہے اس لئے وہ سچے مذہب کی پیروی اور نیک صحبتوں اور نیک تعلیموں سے ایسے طبعی جذبات کو اخلاق کے رنگ میں لے آتا ہے اور یہ امر کسی اور جاندار کے لئے نصیب نہیں۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔روحانی خزائن جلد10 ص332)

ایک عارفانہ شعر ایک روحانی دنیا

اب مجھے معزز قارئین کی خدمت میں امام الاصفیاء فخر النبیین ﷺ کے بے نظیر کمالات خاصہ کا تذکرہ حضرت مسیح موعود ہی کے مبارک الفاظ میں پیش کرنا ہے جو حضور کے اس مشہور شعر کی نہایت دلکش اور روح پرور توضیح وتشریح ہے۔ اور ایک غیر محدود کائنات اور سمندر کو کوزہ میں بند کرنے کے مترادف شعر کے چند الفاظ ہیں۔

ختم شد بر نفس پاکش ہر کمال
لاجرم شد ختم ہر پیغمبرے

کمال نور

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’وہ اعلیٰ درجہ کا نور جو انسان کو دیا گیا۔ یعنی انسان کامل کو، وہ ملائک میں نہیں تھا۔ نجوم میں نہیں تھا۔ قمر میں نہیں تھا۔ آفتاب میں بھی نہیں تھا۔ وہ زمین کے سمندروں اور دریاؤں میں بھی نہیں تھا۔ وہ لعل اور یاقوت اور زمرد اور الماس اور موتی میں بھی نہیں تھا۔ غرض وہ کسی چیز ارضی اور سماوی میں نہیں تھا۔ صرف انسان میں تھا یعنی انسان کامل میں جس کا اتم اور اکمل اور اعلیٰ اور ارفع فرد ہمارے سید و مولیٰ سید الانبیاء سید الاحیاء محمد مصطفیٰ ﷺ ہیں۔ سو وہ نور اس انسان کو دیا گیا اور حسب مراتب اس کے تمام ہمرنگوں کو بھی یعنی ان لوگوں کو بھی جو کسی قدر وہی رنگ رکھتے ہیں ...... اور یہ شان اعلیٰ اور اکمل اور اتم طور پر ہمارے سید ہمارے مولیٰ، ہمارے ہادی نبی امی، صادق مصدوق محمد مصطفیٰ ﷺ میں پائی جاتی تھی‘‘۔

(آئینہ کمالات اسلام۔روحانی خزائن جلد5 ص160)

کمال حسن

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’جب سے کہ صانع مطلق نے عالم اجسام کو ذرات سے ترکیب دی ہے۔ ہر ایک ذرے میں وہ کشش رکھی ہے اور ہر ایک ذرہ روحانی حسن کا عاشق صادق ہے اور ایسا ہی ہر ایک سعید روح بھی کیونکہ وہ حسن تجلی گاہ حق ہے۔

وہی حسن تھا جس کے لئے فرمایا گیا اسجدوا لآدم (-) اور اب بھی بہتیرے ابلیس ہیں جو اس حسن کو شناخت نہیں کرتے مگر وہ حسن بڑے بڑے کام دکھلاتا رہا ہے۔ نوح میں وہی حسن تھا جس کی پاس خاطر حضرت عزت جلشانہ کو منظور ہوئی اور تمام منکروں کو پانی کے عذاب سے ہلاک کیا گیا۔ پھر اس کے بعد موسیٰ بھی وہی حسن روحانی لے کر آیا۔ جس نے چندروز تکلیفیں اٹھا کر آخر فرعون کا بیڑا غرق کیا۔ پھر سب کے بعد سید الانبیاء خیر الوریٰ مولانا وسیدنا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ایک عظیم الشان روحانی حسن لے کر آئے جس کی تعریف میں یہی آیت کریمہ کافی ہے (-) یعنی وہ نبی جناب الٰہی سے بہت نزدیک چلا گیا اور پھر مخلوق کی طرف جھکا اور اس طرح پر دونوں حقوں کو جو حق اللہ اور حق العباد ہے ادا کردیا اور دونوں قسم کا حسن روحانی ظاہر کیا۔

(براہین احمدیہ حصہ پنجم۔روحانی خزائن جلد21 ص220)

کمال فنائیت فی اللہ

حضرت مسیح موعودفرماتے ہیں:۔
"کئی مقام پر قرآن شریف میں اشارات و تصریحات سے بیان ہوا ہے کہ آنحضرت ﷺ مظہراتم الوہیت ہیں اوران کا کلام خدا کا کلام اوران کا ظہور خدا کا ظہور اوران کا آنا خدا کا آنا ہے۔ چنانچہ قرآن شریف میں اس بارے میں ایک یہ آیت بھی ہے۔(-) کہہ حق آیا اور باطل بھاگ گیا اور باطل نے بھاگنا ہی تھا۔ حق سے مراد اس جگہ اللہ جل شانہ اور قرآن شریف اور آنحضرت ﷺ ہیں ...... سو دیکھو اپنے نام میں خدا تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو کیونکر شامل کرلیا اور آنحضرت (ﷺ) کا ظہور فرمانا خدا تعالیٰ کا ظہور فرمانا ہوا"۔
(سرمہ چشم آریہ۔ روحانی خزائن جلد2 ص277)

کمال مرتبہ

"ہمارے سید و مولیٰ ﷺ سب سے اعلیٰ مرتبہ آسمان میں جس سے بڑھ کر اور کوئی مرتبہ نہیں، تشریف فرما ہیں۔ عند سدرۃ المنتھی (-) اورامت کے سلام وصلوٰت برابر آنحضرتؐ کے حضور پہنچائے جاتے ہیں۔
(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد3 ص226)

کمال صبر

"ہمارے سید و مولیٰ نبی ﷺ نے تیرہ برس تک کفار کے جور و جفا پر صبر کیا۔ بہت سے دکھ دیئے گئے۔ دم نہ مارا۔ بہت سے اصحاب اور عزیز قتل کئے گئے ایک ذرہ مقابلہ نہیں کیا اور دکھوں سے پیسے گئے مگر سوائے صبر کے کچھ نہیں کیا۔ آخر جب کفار کے ظلم حد سے بڑھ گئے اورانہوں نے چاہا کہ سب کو قتل کر کے اسلام کو نابود ہی کردیں۔ اب خدا تعالیٰ نے اپنے پیارے نبی کو ان بھیڑیوں کے ہاتھ سے مدینہ میں سلامت پہنچا دیا۔ حقیقت میں وہی دن تھا کہ جب آسمان پر ظالموں کو سزا دینے کے لئے تجویز ٹھہر گئی۔

تا دل مرد خدا نامد بدرد
ہیچ قومے را خدا رسوا نہ کرد

مگر افسوس کہ کافروں نے اسی پر بس نہ کیا بلکہ قتل کے لئے تعاقب کیا اور کئی چڑھائیاں کیں اور طرح طرح کے دکھ پہنچائے۔ آخر وہ خدا تعالیٰ کی نظر میں اپنے بیشمار گناہوں کی وجہ سے اس لائق ٹھہر گئے کہ ان پر عذاب نازل ہو۔
(سرالخلافہ۔ روحانی خزائن جلد8 ص404)

کمال عفو

"حضرت خاتم الانبیاء ﷺ نے مکہ والوں اور دوسرے لوگوں پر بکلی فتح پاکر اوران کو اپنی تلوار کے نیچے دیکھ کر پھر ان کا گناہ بخش دیا اور صرف انہیں چند لوگوں کو سزا دی جن کو سزا دینے کے لئے حضرت احدیت کی طرف سے قطعی حکم وارد ہو چکا تھا اور بجز ان ازلی ملعونوں کے ہر ایک دشمن کا گناہ بخش دیا اور فتح پاکر سب کو لا تثریب علیکم الیوم کہا اور اسی عفو تقصیر کی وجہ سے کہ جو مخالفوں کی نظر میں ایک امر محال معلوم ہوتا تھا اور اپنی شرارتوں پر نظر کرنے سے وہ اپنے تئیں اپنے مخالف کے ہاتھ میں دیکھ کر مقتول خیال کرتے تھے۔ ہزاروں انسانوں نے ایک ساعت میں دین اسلام قبول کرلیا اور حقانی صبر آنحضرت ﷺ کا کہ جو ایک زمانہ دراز تک آنجناب نے ان کی سخت سخت ایذاؤں پر کیا تھا۔ آفتاب کی طرح ان کے سامنے روشن ہوگیا"۔
(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد1 ص287)

"یہ اخلاق فاضلہ ہمارے سید و مولیٰ افضل الانبیاء خیر الاصفیاء محمد مصطفی خاتم الرسل ﷺ میں ثابت ہیں کہ آپؐ نے جب مکہ والوں پر فتح پائی جنہوں نے آنحضرت ﷺ کو بہت ستایا تھا اور صدہا ناحق کے خون کئے تھے اور یقین رکھتے تھے کہ ہم اپنی خونریزیوں کے عوض ٹکڑے ٹکڑے کئے جائیں گے۔ ان سب کو بخش دیا اور کہا کہ جاؤ میں نے آزاد کردیا۔
(اشتہار "دو عیسائیوں میں محاکمہ")

کمال زہد وسخاوت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔
"دنیا میں آنحضرتؐ سے پہلے کوئی بھی ایسا نبی نہیں گزرا جس کے اخلاق ایسی وضاحت تامہ سے روشن ہوگئے ہوں۔ کیونکہ خدا تعالیٰ نے بیشمار خزائن کے دروازے آنحضرتؐ پر کھول دیئے اور آنجناب نے ان سب کو خدا کی راہ میں خرچ کیا اور کسی نوع کی تن پروری میں ایک حبہ بھی خرچ نہ ہوا۔ نہ کوئی عمارت بنائی نہ کوئی بارگاہ طیار ہوئی بلکہ ایک چھوٹے سے کچے کوٹھے میں جس کو غریب لوگوں کے کوٹھوں پر کچھ بھی ترجیح نہ تھی۔ اپنی ساری عمر بسر کی۔ بدی کرنے والوں سے نیکی کرکے دکھلائی اور وہ جو دلآزار تھے ان کو ان کی مصیبت کے وقت اپنے مال سے خوشی پہنچائی۔ سونے کے لئے اکثر زمین پر بستر اور رہنے کے لئے ایک چھوٹا سا جھونپڑا اور کھانے کے لئے نان جو یا فاقہ اختیار کیا۔ دنیا کی دولتیں بکثرت ان کو دی گئیں پر آنحضرت نے اپنے پاک ہاتھوں کو دنیا سے ذرا آلودہ نہ کیا اور ہمیشہ فقر کو تونگری پر اور مسکینی کو امیری پر اختیار رکھا اور اس دن سے جو ظہور فرمایا تا اس دن تک جو اپنے رفیق اعلیٰ سے جا ملے بجز اپنے مولیٰ کریم کے کسی کو کچھ چیز نہ سمجھا اور ہزاروں دشمنوں کے مقابلے پر معرکہ جنگ میں کہ جہاں قتل کیا جانا یقینی امر تھا۔ خالصاً خدا کے لئے کھڑے ہوکر اپنی شجاعت اور وفاداری اور ثابت قدمی دکھلائی"۔ (براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد1 ص289)

مزید فرماتے ہیں:۔
"غرض جود اور سخاوت اور زہد اور قناعت اور مردی اور شجاعت اور محبت الٰہیہ کے متعلق جو اخلاق فاضلہ ہیں وہ بھی خداوند کریم نے حضرت خاتم الانبیاء میں ایسے ظاہر کئے کہ جن کی مثل نہ کبھی دنیا میں ظاہر ہوئی اور نہ آئندہ ظاہر ہوگی۔ لیکن حضرت مسیح علیہ السلام میں اس قسم کے اخلاق بھی اچھی طرح ثابت نہیں ہوئے۔ کیونکہ یہ سب اخلاق بجز زمانہ اقتدار اور دولت کے بہ پایہ ثبوت نہیں پہنچ سکتے اور مسیح نے اقتدار اور دولت کا زمانہ نہیں پایا۔ اس لئے دونوں قسم کے اخلاق اس کے زیر پردہ رہے"۔
(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد1 ص290)

کمال نصرت الٰہیہ

اسی طرح ہزارہا ایسے اور بھی واقعات ہیں کہ جن سے آنحضرتؐ کا مؤید بتائید الٰہی ہونا ثابت ہوتا ہے۔ مثلاً کیا یہ حیرت انگیز ماجرا نہیں کہ ایک بے زر بے زور بے کس امی یتیم تنہا غریب ایسے زمانے میں کہ جس میں کہ ہر ایک قوم پوری پوری طاقت مالی اور فوجی اور علمی رکھتی تھی ایسی روشن تعلیم لایا کہ اپنی براہین قاطعہ اور حجج واضحہ سے سب کی زبان بند کردی اور بڑے بڑے لوگوں کی جو حکیم بنے پھرتے تھے اور فیلسوف کہلاتے تھے فاش غلطیاں نکالیں اور پھر باوجود بے کسی اور غریبی کے زور ایسا دکھایا کہ بادشاہوں کو تختوں سے گرادیا اور انہیں تختوں پر غریبوں کو بٹھایا۔ اگر یہ خدا کی تائید نہیں تھی تو اور کیا تھی؟ کیا تمام دنیا پر عقل اور علم اور طاقت اور زور میں غالب آجانا بغیر تائید الٰہی کے بھی ہوا کرتا ہے۔

خیال کرنا چاہئے کہ جب آنحضرتؐ نے پہلے پہل مکے کے لوگوں میں منادی کی کہ میں نبی ہوں اس وقت ان کے ہمراہ کون تھا اور کس بادشاہ کا خزانہ ان کے قبضے میں آگیا تھا کہ جس پر اعتماد کرکے ساری دنیا سے مقابلہ کرنے کی ٹھہر گئی۔ یا کون سی فوج اکٹھی کرلی تھی کہ جس پر بھروسہ کرکے تمام بادشاہوں کے حملوں سے امن ہوگیا تھا۔ ہمارے مخالف بھی جانتے ہیں کہ اس وقت آنحضرتؐ زمین پر اکیلے اور بے کس اور بے سامان تھے۔ صرف ان کے ساتھ خدا تھا۔ جس نے ان کو ایک بڑے مطلب کے لئے پیدا کیا تھا۔
(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد1 ص118)

کمال علم

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔
"پھر ذرا اس طرف بھی غور کرنی چاہئے کہ وہ کس مکتب میں پڑھے تھے اور کس سکول کا پاس حاصل کیا تھا اور کب انہوں نے عیسائیوں اور یہودیوں اور آریہ لوگوں وغیرہ دنیا کے فرقوں کی مقدس کتابیں مطالعہ کی تھیں۔ پس اگر قرآن شریف کا نازل کرنے والا خدا نہیں ہے تو کیونکر اس میں تمام دنیا کے علوم حقہ الٰہیہ لکھے گئے اور وہ تمام ادلہ کاملہ علم الٰہیات کی کہ جن کے باستیفا اور بصحت لکھنے سے سارے منطقی اور معقولی اور فلسفی عاجز رہے اور ہمیشہ غلطیوں میں ہی ڈوبتے مرگئے۔ وہ کس فلاسفر بے مثل و مانند نے قرآن شریف میں درج کردیں اور کیونکر وہ اعلیٰ درجہ کی مدلل تقریریں کہ جن کی پاک اور روشن دلائل کو دیکھ کر مغرور حکیم یونان اور ہند کے اگر کچھ شرم ہو تو جیتے ہی مرجائیں۔ ایک غریب امی کے ہونٹوں سے نکلیں۔ اس قدر دلائل صدق کے پہلے نبیوں میں کہاں موجود ہیں۔ آج دنیا میں وہ کون سی کتاب ہے جو ان سب باتوں میں قرآن شریف کا مقابلہ کرسکتی ہے۔ کس نبی پر وہ سب واقعات جو ہم نے بیان کئے مثل آنحضرتؐ کے گزرے ہیں"۔
(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد1 ص120)

کمال تربیت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔
"ہمارے نبی ﷺ اظہار سچائی کے لئے ایک مجدد اعظم تھے جو گم گشتہ سچائی کو دوبارہ دنیا میں لائے۔ اس فخر میں ہمارے نبی ﷺ کے ساتھ کوئی بھی نبی شریک نہیں کہ آپؐ نے تمام دنیا کو ایک تاریکی میں پایا اور پھر آپؐ کے ظہور سے وہ تاریکی نور سے بدل گئی۔ جس قوم میں آپؐ ظاہر ہوئے، آپؐ فوت نہ ہوئے جب تک کہ اس تمام قوم نے شرک کا چولہ اتار کر توحید کا جامہ نہ پہن لیا اور نہ صرف اس قدر بلکہ وہ لوگ اعلیٰ مراتب ایمان کو پہنچ گئے اور وہ کام صدق اور وفا اور یقین کے ان سے ظاہر ہوئے کہ جس کی نظیر دنیا کے کسی حصہ میں پائی نہیں جاتی۔ یہ کامیابی اور اس قدر کامیابی کسی نبی کو بجز آنحضرت ﷺ کے نصیب نہیں ہوئی"۔
(لیکچر سیالکوٹ۔ روحانی خزائن جلد20 ص206)

کمال انقلاب

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔
"وہ جو عرب کے بیابانی ملک میں ایک عجیب ماجرا گزرا کہ لاکھوں مردے تھوڑے دنوں میں زندہ ہوگئے اور پشتوں کے بگڑے ہوئے الٰہی رنگ پکڑ گئے اور آنکھوں کے اندھے بینا ہوئے اور گونگوں کی زبان پر الٰہی معارف جاری ہوئے اور دنیا میں یک دفعہ ایک ایسا انقلاب پیدا ہوا کہ نہ پہلے اس سے کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا۔ کچھ جانتے ہو کہ وہ کیا تھا؟ وہ ایک فانی فی اللہ کی اندھیری راتوں کی دعائیں ہی تھیں جنہوں نے دنیا میں شور مچا دیا اور وہ عجائب باتیں دکھلائیں کہ جو اس امی بے کس سے محالات کی طرح نظر آتی تھیں"۔
(برکات الدعا۔ روحانی خزائن جلد6 ص10)

کمال معجز نمائی

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔
"اس درجۂ لقاء میں بعض اوقات انسان سے ایسے امور صادر ہوتے ہیں کہ جو بشریت کی طاقتوں سے بڑھے ہوئے معلوم ہوتے ہیں اور الٰہی طاقت کا رنگ اپنے اندر رکھتے ہیں جیسے ہمارے سید و مولیٰ سید الرسل حضرت خاتم الانبیاء ﷺ نے جنگ بدر میں ایک سنگریزوں کی مٹھی کفار پر چلائی اور وہ مٹھی کسی دعا کے ذریعہ سے نہیں بلکہ خود اپنی روحانی طاقت سے چلائی۔ مگر اس مٹھی نے خدائی طاقت دکھلائی اور مخالف

کی فوج پر ایسا خارق عادت اس کا اثر پڑا کہ کوئی ان میں سے ایسا نہ رہا کہ جس کی آنکھ پر اس کا اثر نہ پہنچا ہو اور وہ سب اندھوں کی طرح ہوگئے اور ایسی سراسیمگی اور پریشانی ان میں پیدا ہوگئی کہ مدہوشوں کی طرح بھاگنا شروع کیا۔ اسی معجزہ کی طرف اللہ جلشانہ اس آیت میں اشارہ فرماتا ہے (-) یعنی جب تو نے اس مٹھی کو پھینکا وہ تو نے نہیں پھینکا بلکہ خداتعالیٰ نے پھینکا۔ یعنی درپردہ الٰہی طاقت کام کرگئی۔ انسانی طاقت کا یہ کام نہ تھا۔

اور ایسا ہی دوسرا معجزہ آنحضرت ﷺ کا جو شق القمر ہے اس الٰہی طاقت سے ظہور میں آیا تھا کوئی دعا اس کے ساتھ شامل نہ تھی۔ کیونکہ وہ صرف انگلی کے اشارہ سے جو الٰہی طاقت سے بھری ہوئی تھی وقوع میں آگیا تھا اور اس قسم کے اور بھی بہت سے معجزات ہیں جو صرف ذاتی اقتدار کے طور پر آنحضرت ﷺ نے دکھلائے جن کے ساتھ کوئی دعا نہ تھی۔ کئی دفعہ تھوڑے سے پانی کو جو صرف ایک پیالہ میں تھا۔ اپنی انگلیوں کو اس پانی کے اندر داخل کرنے سے اس قدر زیادہ کردیا کہ تمام لشکر اور اونٹوں اور گھوڑوں نے وہ پانی پیا اور پھر بھی وہ پانی ویسا ہی اپنی مقدار پر موجود تھا اور کئی دفعہ دو چار روٹیوں پر ہاتھ رکھنے سے ہزار بھوکوں پیاسوں کا ان سے شکم سیر کردیا اور بعض اوقات تھوڑے دودھ کو اپنے لبوں سے برکت دے کر ایک جماعت کا پیٹ اس سے بھردیا اور بعض اوقات شور آب کنوئیں میں اپنے منہ کا لعاب ڈال کر اس کو نہایت شیریں کردیا اور بعض اوقات سخت مجروحوں پر اپنا ہاتھ رکھ کر ان کو اچھا کردیا اور بعض اوقات آنکھوں کو جن کے ڈیلے لڑائی کے کسی صدمہ سے باہر جا پڑے تھے اپنے ہاتھ کی برکت سے پھر درست کردیا ایسا ہی اور بھی بہت سے کام اپنے ذاتی اقتدار سے کئے جن کے ساتھ ایک چھپی ہوئی طاقت الٰہی مخلوط تھی‘‘۔

(آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد 5 ص 65)

کمال غیبی خوارق

اب کہاں ہیں وہ ...... جو کہتے تھے کہ نعوذ باللہ حضرت سیدنا و سیدالوریٰ محمد مصطفیٰ ﷺ سے کوئی پیشگوئی یا اور کوئی امر خوارق عادت ظہور میں نہیں آیا میں سچ سچ کہتا ہوں کہ زمین پر وہ ایک ہی انسان کامل گزرا ہے جس کی پیشگوئیاں اور دعائیں قبول ہونا اور دوسرے خوارق ظہور میں آنا ایک ایسا امر ہے جو اب تک امت کے سچے پیروؤں کے ذریعہ سے دریا کی طرح موجیں مار رہا ہے۔ بجز (-) وہ مذہب کہاں اور کدھر ہے جو یہ خصلت اور طاقت اپنے اندر رکھتا ہے اور وہ لوگ کہاں اور کس ملک میں رہتے ہیں جو (-) برکات اور نشانوں کا مقابلہ کرسکتے ہیں۔

(ضمیمہ رسالہ جہاد ص 4)

کمال قبولیت

اور رجوع خلائق اور قبولیت کا یہ عالم ہے کہ آج کم سے کم بیس کروڑ ہر طبقہ کے مسلمان آپؐ کی غلامی میں کمربستہ کھڑے ہیں اور جب سے خدا نے آپؐ کو پیدا کیا ہے بڑے بڑے زبردست بادشاہ جو ایک دنیا کو فتح کرنے والے تھے۔ آپؐ کے قدموں پر ادنیٰ غلاموں کی طرح گرے رہے ہیں اور اس وقت کے اسلامی بادشاہ بھی ذلیل چاکروں کی طرح آنجناب کی خدمت میں اپنے تئیں سمجھتے ہیں اور نام لینے سے تخت سے اتر آتے ہیں۔

اب سوچنا چاہئے کہ کیا یہ عزت کیا یہ شوکت کیا یہ اقبال کیا یہ جلال کیا یہ ہزاروں نشان آسمانی کیا یہ ہزاروں برکات ربانی جھوٹے کو بھی مل سکتی ہیں؟ ہمیں بڑا فخر ہے کہ جس نبی علیہ السلام کا ہم نے دامن پکڑا ہے خدا کا اس پر بڑا ہی فضل ہے۔ وہ خدا تو نہیں مگر اس کے ذریعہ سے ہم نے خدا کو دیکھ لیا ہے۔ اس کا مذہب جو ہمیں ملا ہے خدا کی طاقتوں کا آئینہ ہے۔

(چشمۂ معرفت روحانی خزائن جلد 23 ص 380)

کمال افاضہ روحانی

وہ ایک نور تھا جو دنیا میں آیا اور تمام نوروں پر غالب آگیا۔ اس کے نور نے ہزاروں دلوں کو منور کیا اور اسی کی برکت کا یہ راز ہے کہ روحانی مدد اسلام سے منقطع نہیں ہوئی۔

(ریویو آف ریلیجنز اردو جلد 1 ص 299,298)

کمال فضیلت

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’وہ توحید جو دنیا سے گم ہوچکی تھی۔ وہی ایک پہلوان ہے جو دوبارہ اس کو دنیا میں لایا۔ اس نے خدا سے انتہائی درجہ پر محبت کی اور انتہائی درجہ پر بنی نوع کی ہمدردی میں اس کی جان گداز ہوئی۔ اس لئے خدا نے جو اس کے دل کے راز کا واقف تھا۔ اس کو تمام انبیاء اور تمام اولین و آخرین پر فضیلت بخشی اور اس کی مرادیں اس کی زندگی میں اس کو دیں۔ وہی ہے جو سرچشمہ ہر ایک فیض کا ہے اور وہ شخص جو بغیر اقرار افاضہ اس کے کسی فضیلت کا دعویٰ کرتا ہے۔ وہ انسان نہیں ہے۔ بلکہ ذریت شیطان ہے کیونکہ ہر ایک فضیلت کی کنجی اس کو دی گئی ہے اور ہر ایک معرفت کا خزانہ اس کو عطا کیا گیا ہے۔ جو اس کے ذریعہ سے نہیں پاتا۔ وہ محروم ازلی ہے۔ ہم کیا چیز ہیں اور ہماری حقیقت کیا ہے ہم کافر نعمت ہوں گے۔ اگر اس بات کا اقرار نہ کریں کہ توحید حقیقی ہم نے اسی نبیؐ کے ذریعہ سے پائی اور زندہ خدا کی شناخت ہمیں اس کامل نبیؐ کے ذریعہ سے اور اس کے نور سے ملی ہے اور خدا کے مکالمات اور مخاطبات کا شرف بھی جس سے ہم اس کا چہرہ دیکھتے ہیں۔ اسی بزرگ نبیؐ کے ذریعہ سے ہمیں میسر آیا ہے اس آفتاب ہدایت کی شعاع دھوپ کی طرح ہم پر پڑتی ہے اور اس وقت تک ہم منور رہ سکتے ہیں۔ جب تک کہ ہم اس کے مقابل پر کھڑے ہیں۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 119)

تعارف

چانن

(شعری مجموعہ عبدالکریم قدسی)

(عربی قصیدے اور درثمین کے 313۔ اشعار کا منظوم پنجابی ترجمہ)

جناب عبدالکریم قدسی بلحاظ شاعری اردو اور پنجابی زبان پر یکساں قدرت رکھتے ہیں۔ آپ کی دو درجن کے قریب پنجابی اور اردو کتب تصنیف و تالیف کے مختلف مراحل میں ہیں۔ قدسی صاحب کی پنجابی شاعری پاکستان کے علاوہ بھارت میں بھی مقبول ہے۔ ’’سردل‘‘ (کھدر پوش ایوارڈ یافتہ) کا گورمکھی ایڈیشن کا بھارت سے شائع ہونا اس کا واضح ثبوت ہے۔ پنجابی زبان ہو۔ اردو یا پھر ’’اُم الالسنہ‘‘ عربی۔ ہر زبان کا مزاج، لہجہ اور کلچر الگ ہے۔ منظوم ترجمہ اس لحاظ سے مشکل کام ہے کہ اکثر اوقات زبان کے مزاج کے فرق کی وجہ سے شعری اور فنی ضروریات آڑے آجاتی ہیں۔ متن کی اصل روح کے مطابق منظوم ترجمے کے لئے گہری ریاضت درکار ہے۔ عبدالکریم قدسی اس لحاظ سے مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے معرکۃ الآراء عربی قصیدے

یا عین فیض اللّٰہ والعرفان

اور درثمین کے 313 اشعار کا منظوم پنجابی ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔

’’چانن‘‘ کے ابتداء میں ڈاکٹر عبدالکریم خالد نے (پنجابی سے ترجمہ) ’’شاعری کا امرت رس‘‘ کے عنوان سے جو تبصرہ لکھا ہے اس کا خلاصہ پیش ہے:۔

’’..........جناب عبدالکریم قدسی کی شاعری میں ایک فقیر، ایک درویش اور ایک بڑا انسان بیٹھا نظر آتا ہے۔ وہ احساس اور جذبے کے ساتھ روح سے کلام کرتے ہیں..........قدسی صاحب کا مرشد دوسروں سے الگ تھلگ ہے جو حکمت اور بصیرت میں اعلیٰ کمالات رکھتا ہے۔ اس کی دعائیں انسان کی تقدیریں بدلتی ہیں۔ نیز عرش کے کنگرے ہلا دیتی ہیں۔ اپنے مرشد کے ساتھ پیار اور محبت کے عقیدے کے سبب وہ خلوص اور وفا کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں..........

کمالات رکھتا ہے۔ اس کی دعائیں انسان کی تقدیریں

بدلتی ہیں۔ نیز عرش کے کنگرے ہلا دیتی ہیں۔ اپنے مرشد کے ساتھ پیار اور محبت کے عقیدے کے سبب وہ خلوص اور وفا کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں..........

یہ بات یقین سے کہی جاسکتی ہے کہ عبدالکریم قدسی کا نام پنجابی کے صف اول کے شعراء میں شامل ہے۔ انہوں نے دنیا بھر کے پنجابی بولنے والوں میں سوہنی اور سچی شاعری کی وجہ سے اپنی علیحدہ پہچان بنالی ہے..........شاعری ’’چانن‘‘ میں عبدالکریم قدسی نے اپنی طرف سے کچھ نہیں کہا بلکہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے عربی قصیدے کو پنجابی زبان میں منظوم کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ ایسا قصیدہ آج تک نہیں لکھا گیا۔ اس قصیدے کے ایک ایک حرف اور ایک ایک شعر میں عقیدت اور محبت کا شہد رچا ہوا ہے۔ یوں پڑھنے والا اپنی زبان پر نہ صرف اس کی مٹھاس محسوس کرتا ہے بلکہ اس ذائقے کو چکھتے ہوئے تصورات کی دنیا میں پرواز کرتا ہوا مقدس شہر مدینہ جا پہنچتا ہے..........‘‘

ہمیں امید ہے کہ پنجابی جاننے والے دوست ’’چانن‘‘ کے مطالعے سے اپنی روح میں پاکیزگی کی خوبصورت چاندنی اترتی ہوئی محسوس کریں گے۔

(ا۔ن۔ع)

بخل نہ کرو

تمہارے اموال اور تمہاری اولاد محض آزمائش ہیں۔ اور وہ اللہ ہی ہے جس کے پاس بہت بڑا اجر ہے۔

پس اللہ کا تقویٰ اختیار کرو جس حد تک تمہیں توفیق ہے اور سنو اور اطاعت کرو اور خرچ کرو (یہ) تمہارے لئے بہتر ہوگا۔ اور جو نفس کی کنجوسی سے بچائے جائیں تو یہی ہیں وہ لوگ جو کامیاب ہونے والے ہیں۔ (التغابن:17,16)

دیکھو! تم وہ لوگ ہو کہ تمہیں اللہ کی راہ میں خرچ کے لئے بلایا جاتا ہے۔ پھر تم میں سے وہ بھی ہے جو بخل سے کام لیتا ہے حالانکہ جو بخل سے کام لیتا ہے تو وہ یقیناً اپنے ہی نفس کے خلاف بخل کرتا ہے۔ اللہ غنی ہے اور تم فقیر ہو۔ اگر تم پھر جاؤ تو وہ تمہارے سوا ایک متبادل قوم لے آئے گا پھر وہ تمہاری طرح نہیں ہوں گے۔

(محمد:39)

اور تم میں سے صاحب فضیلت اور صاحب توفیق اپنے قریبیوں اور مسکینوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو کچھ نہ دینے کی قسم نہ کھائیں۔ پس چاہئے کہ وہ معاف کردیں اور درگزر کریں۔ کیا تم یہ پسند نہیں کرتے کہ اللہ تمہیں بخش دے۔ اور اللہ بہت بخشنے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔ (النور:23)

’’یہ شرف مجھے محض آنحضرت ﷺ کی پیروی سے حاصل ہوا۔ اگر میں..........آپؐ کی پیروی نہ کرتا تو اگر دنیا کے تمام پہاڑوں کے برابر میرے اعمال ہوتے تو پھر بھی میں کبھی یہ شرف مکالمہ مخاطبہ ہرگز نہ پاتا‘‘۔

(تجلیات الٰہیہ روحانی خزائن جلد 20 ص 411)

وہ پیشوا ہمارا جس سے ہے نور سارا
نام اس کا ہے محمدؐ دلبر مرا یہی ہے

اس نور پر فدا ہوں اس کا ہی میں ہوا ہوں
وہ ہے میں چیز کیا ہوں بس فیصلہ یہی ہے

ماخوذ

ڈینگی بخار پھیلاؤ، تشخیص، علاج اور پرہیز

کرہ ارض ابتدا سے ہی مختلف آفات ناگہانی سماوی وارضی کا شکار رہا ہے۔ نوع انسانی کی تخلیق کے بعد مختلف النوع کی بیماریاں، وبائیں اس کا مقدر بھی رہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے کے بنو اسرائیل ایک عرصہ تک انواع واقسام کی آفات سے دوچار رہے۔ آج سے سو سال پہلے ہندوستان طاعون کی زد میں آ گیا اور 1932ء تک اس کی لپیٹ میں رہا۔ یہ ایک ایسی وبا تھی جس نے لاکھوں جانیں لے لیں، پوری پوری بستیاں لقمہ اجل بن گئیں اور گھروں کے گھر خالی ہوگئے۔ اسی طرح ہندوستان کئی مرتبہ ہیضے جیسی وبا کی لپیٹ میں آیا اور ہزاروں جانیں تلف ہوئیں۔ گزشتہ کئی سالوں سے جان لیوا مرض ایڈز نے پوری دنیا میں اپنے پنجے جمار کھے ہیں اور ہزاروں لوگ لقمہ اجل بن چکے ہیں اس طرح خداوند تعالیٰ کی نافرمانیوں کی وجہ سے ہر طرف موتا موتی کا عالم ہے۔ ٹائیفائیڈ اور ملیریا بھی ہر سال ہزاروں لوگوں کو ختم کر دیتا ہے حال ہی میں ایک اور بخار نمودار ہوا ہے جس کا علاج تاحال دریافت نہیں ہوسکا، اس بخار کو ڈینگی کا نام دیا گیا ہے۔ گزشتہ سال کراچی میں کثرت سے بارشیں ہوئیں اور خاص طور پر حیدرآباد اور اردگرد کا وسیع علاقہ زیرآب آ گیا اور کافی عرصہ تک پانی کھڑا رہنے کے نتیجے میں کثیر تعداد میں مچھروں کی افزائش ہوئی جس سے لوگ بخار میں مبتلا ہونے لگے۔ کراچی اور حیدرآباد میں بہت سے لوگ اس بخار میں مبتلا ہو کر لقمہ اجل بن گئے۔ پھر چلتے چلتے یہ بخار اسلام آباد آ پہنچا اور پھر لاہور بھی اس کی لپیٹ میں آ گیا ہے۔

ڈینگی وائرس

ڈینگی بخار ایک قسم کی انفیکشن ہے جو عموماً ایک خاص قسم کے مچھر Aedes aegypti کے کاٹنے سے پھیلتا ہے اس وائرس کی چار اقسام دریافت کی جا چکی ہیں جن سے یہ وائرس انسان میں پھیلتا ہے یہ عموماً ہڈی توڑ بخار کہلاتا ہے کیونکہ اس سے جوڑوں، ہڈیوں اور پورے جسم میں درد کافی حد تک بڑھ جاتا ہے اور مریض محسوس کرتا ہے جیسے اس کی ہڈیاں ٹوٹ رہی ہیں۔

ماہرین صحت اس بیماری کے بارے میں بتاتے ہیں کہ یہ تقریباً دوسو سال پرانی ہے اور یہ بیماری عموماً بارش کے بعد ان ممالک میں پھیلتی ہے جہاں نہ زیادہ سردی ہوتی ہے اور نہ زیادہ گرمی۔ مثلاً افریقہ جنوبی ایشیا کی ریاستیں، انڈیا، پاکستان، مڈل ایسٹ، سائبیریا، سنٹرل ساؤتھ امریکہ، آسٹریلیا اور ساؤتھ سنٹرل پیسیفک۔

یہ وباء 2001ء میں مختلف ریاستوں میں ایک خاص قسم کے مچھروں کے کاٹنے سے نمودار ہوئی۔ پوری دنیا میں تقریباً 10 لاکھ ڈینگی انفیکشن کے کیس ہر سال ظاہر ہوتے ہیں جن میں 100 اور 200 کیس کی سالانہ رپورٹس CDC (Centers for Disease Control) سنٹر میں کروائی جاتی ہیں جو بیرون ممالک سفر کے دوران دوسرے ممالک میں منتقل ہوئے۔

بہت زیادہ کیس جو کہ رجسٹرڈ نہیں ہوئے یا جنہیں غیر معمولی بیماری سمجھ لیا جاتا تھا 20ویں صدی کے آخر میں ایسے ممالک جن میں نہ زیادہ سردی اور نہ زیادہ گرمی ہوتی ہے وہاں پر ڈینگی وائرس کی بیماری بڑی تیزی سے پھیلی اور اس وبا کے بارے میں کافی معلومات ملیں۔

دنیا کا اکثر حصہ ڈینگی بخار کی وجہ سے خوف و ہراس میں آ چکا ہے۔

وجوہات

ڈینگی بخار چار قسم کے ڈینگی وائرسوں میں سے کسی ایک کی وجہ سے لاحق ہو سکتا ہے۔ DEN-1DEN-2,DEN-3DEN-4 پوری زندگی میں اس کی دو اقسام یا چاروں سے بیک وقت متاثر کرسکتی ہیں۔

پھیلاؤ

خاص قسم کے مچھر Aedes mosquito کے کاٹنے سے ڈینگی بخار ہوسکتا ہے اور دوسرے مچھر اس وقت وائرس سے متاثر ہوتے ہیں۔

اب تک ڈینگی وائرس کی جو خطرناک اقسام سامنے آئی ہیں وہ دو قسم کے مچھروں سے پھیلا جبکہ باقی دو اتنی خطرناک نہیں۔ ان مچھروں کی دو اقسام Aedes aegypti اور Adees albopictus انہیں دو اقسام کی بدولت پورے ملک میں ڈینگی وائرس پھیل جاتا ہے ڈینگی وائرس چھوتی مرض نہیں اور یہ ایک انسان سے دوسرے انسان کو چھونے، بات کرنے سے نہیں ہوسکتا۔

علامات

☆ جب آپ کو متاثرہ مچھر کاٹتا ہے تو اس کے پانچ یا چھ دن کے بعد بخار کا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے۔ 105 ڈگری تک تیز بخار۔

☆ پورے جسم میں سخت درد۔

☆ سر میں شدید درد۔

☆ آنکھوں کے پچھلی جانب، جوڑوں اور پٹھوں میں سخت درد۔

☆ ہڈیوں میں ایسا درد جیسے ٹوٹ رہی ہیں۔

☆ الٹیاں اور سانس میں تنگی۔

☆ جسم پر پھنسیاں اور خارش جو کہ تین چار روز کے بعد پورے جسم پر نمودار ہوجاتی ہے بعض اوقات کئی دن گزرنے کے بعد نمودار ہوتی ہے۔

اس میں ایسی بھی علامات ہیں جو جان لیوا بھی ثابت ہوسکتی ہیں۔

☆ خون کی نالیوں میں خرابی پیدا ہوجاتی ہے۔

☆ ناک، مسوڑوں اور پھوڑوں پھنسیوں اور جلد کے مختلف اعضاء سے خون بہنا شروع ہوجاتا ہے۔

☆ ایسے مراحل میں خون کے ضائع ہونے سے انسان کی موت بھی واقع ہوسکتی ہے یہ Dengue shock syndrome ڈینگی وائرس کی بہت خطرناک قسم ہے اس بخار سے انسان میں دماغی نقائص پیدا ہوسکتے ہیں اور خون کی نالیاں رسنے لگتی ہیں۔

جسم سے کافی مقدار میں خون نکلنا شروع ہوجاتا ہے اور مریض کا بلڈ پریشر کافی حد تک کم ہوجاتا ہے اور اس کی قوت جواب دینا شروع ہوجاتی ہے۔

☆ بعض اوقات نوجوان بھی اس کی لپیٹ میں آجاتے ہیں۔

یہ بیماری بچوں اور نوجوانوں کو زیادہ متاثر کرتی ہے۔ بہت سے لوگ جو ڈینگی وائرس میں مبتلا ہوتے ہیں وہ ایک دو ہفتے تک خود بخود ٹھیک ہوجاتے ہیں جبکہ بعض اوقات متاثرین کے تندرست ہونے میں ہفتوں بلکہ مہینوں لگ جاتے ہیں۔

اس دوران وہ سخت تھکن کا شکار رہتے ہیں اور ذہنی طور پر پریشان اور صدمے سے دوچار رہتے ہیں۔

تشخیص

2 سے لے کر 3 ہفتوں تک کے ٹیسٹوں کے بعد پتہ چلتا ہے کہ ڈینگی فیور کے وائرس جسم میں ہیں یا نہیں۔ Haewatocrist (خون کا تفصیلی معائنہ) یعنی ہیکوپینا، تھرومبوسائیٹو بینا۔

☆ Platelets test Count (پلیٹلٹس کم ہوجاتے ہیں جس لئے خون پتلا ہوجاتا ہے)

